بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی مجلس عاملہ

کے اجلاس منعقدہ 8 جنوری 2011ء مطابق 3 صفر المظفر 1432ھ کے اہم فیصلے

(1) سالانہ امتحان میں ضمنی قرار پانے والے طلبہ وطالبات کو ضمنی امتحان میں شرکت کی اجازت ہوگی۔ جبکہ راسب طلبہ/طالبات کو آئندہ ضمنی امتحان میں شرکت کی اجازت نہ ہوگی۔ ضمنی امتحان کا داخلہ 20 شوال تک جاری رہے گا اور امتحان ذیقعدہ کے دوسرے ہفتے میں ہوگا۔

(2) دوران امتحان نقل اور متبادل طلبہ کے رجحان کے سد باب کے لئے داخلہ فارم کے ساتھ طالب علم کی تین تازہ تصاویر جو کہ مہتمم یا ناظم جامعہ کی تصدیق شدہ ہوں بھیجنا لازمی ہوگا۔

(3) امتحان ہال میں داخلے کے لئے 18 سال سے زائد عمر کے طلبہ اصل شناختی کارڈ اور 18 سال سے کم عمر کے طلبہ مدرسہ کا شناخت نامہ باتصویر ہمراہ لائیں۔ طالبات کے لئے اصل شناختی کارڈ یا مدرسہ کا شناخت نامہ بغیر تصویر لانا ضروری ہوگا۔ بوقت ضرورت مدرسہ کے ذمہ دار کو اصل امیدوار کی شناخت کے لئے طلب کیا جاسکتا ہے۔

(4) درجہ تحفیظ کے داخلہ فارم پر شناخت نامہ کا نمبر درج کرنا لازمی ہے۔ نیز طلبہ کے شناخت نامہ باتصویر کی ایک عدد کاپی بھی لف کریں۔

(5) امتحان ہال میں نقل کا مواد کتاب یا موبائل فون لانا منع ہے۔ اگر پرچہ کے دوران کسی امیدوار سے ایسا مواد پکڑا گیا تو پرچہ کالعدم تصور ہوگا۔

(6) سالانہ امتحان کے پرچوں پر آئندہ کے لئے نظر ثانی بحال کر دی گئی ہے۔ تاہم اس کے لئے مدرسہ/جامعہ کے مہتمم کی تصدیق ضروری ہوگی۔

(7) ثانویہ عامہ کے طلبہ کی رجسٹریشن درجہ اولیٰ میں کی جائے گی۔ جس کا باقاعدہ رجسٹریشن کارڈ بھی جاری کیا جائے گا۔

(8) وفاق سے ملحق جامعہ/مدرسہ کی کوئی بھی شاخ اس وقت معتبر ہوگی جب اس شاخ پر متعلقہ جامعہ/مدرسہ کا مکمل کنٹرول ہو، عملہ واساتذہ کا عزل و نصب وغیرہ جامعہ کے اختیار میں ہو یا کم از کم تعلیمی الحاق ہو کہ اس شاخ کا تعلیمی وامتحانی نظم متعلقہ جامعہ طے کرتا ہو۔ اس کے علاوہ کوئی ادارہ کسی جامعہ/مدرسہ کی شاخ شمار نہیں ہوگا۔ نیز کسی شخصیت یا کسی ادارہ کی ''زیر سرپرستی'' ہونا شاخ ہونے کے لئے کافی نہیں ہوگا اور شاخ ہونے کی باقاعدہ تحریری طور پر مسئول کی تصدیق کے ساتھ ''دفتر وفاق'' کو اطلاع دینا لازمی ہوگا۔